Teacher Copy - Std 6th - Language (Urdu)

| تحریری | زبانی | کل نمبرات |
|---|---|---|
| ۴۰ | ۱۰ | ۵۰ |

# مجموعی قدر پیمائی ۲ : ۱۸-۲۰۱۷ء
# جماعت : ششم
# مضمون : اُردو
## تحریری سوالات سے متعلق اساتذہ کے لیے ہدایات

**س ۱: لفظ سنو اور لکھو۔** **(۵ نمبرات)**

**زمرہ:** لکھنا (املا نویسی)

**مقصد:** حروف کے مخرج اور اعراب سے واقفیت کی تحریری جانچ کرنا۔

**ہدایات:**
- فہرست کے الفاظ سناتے وقت ہر لفظ کو بلند آواز میں تین مرتبہ دہرائیں۔
- لفظ کا مطلب سمجھ میں آئے اس طرح مکمل لفظ پڑھیں۔
- دو سیکنڈ رک کر اسی لفظ کو دوبارہ پڑھیں۔
- طلبہ کو لفظ لکھنے کا موقع دیں اور انھیں از خود جانچنے کی ہدایت دیں۔ اس کے بعد دوبارہ اسی لفظ کو دہرائیں۔

**الفاظ:**

| | | | |
|---|---|---|---|
| (۱) افسردہ | (۲) شرط | (۳) نازاں | (۴) مشروب |
| (۵) ظہور | (۶) معذور | (۷) اعتبار | (۸) ضعف |
| (۹) حریف | (۱۰) فریادی | | |

**نمبرات دینے کا طریقہ : فہرست کے ہر صحیح لفظ کو ½ نمبر دیا جائے۔**

اس سوال کی جانچ کرتے وقت چند باتوں کا خیال رکھیں۔ لفظ تسلسل میں لکھا ہو اور لکھائی کے اُصولوں کے مطابق ہو تب ہی نمبر دیں۔
مثلاً 'شرط' کی بجائے 'شرت' لکھا ہو تو نمبرات نہ دیں۔

**س ۲: اقتباس کو دل ہی دل میں پڑھو اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھو۔**

**صحیح جوابات اور نمبرات :**

**الف)** امن کے نوبیل انعام سے (۱ نمبر)

**ب)** استاد اور شاگرد کی جوڑی سے مراد اینی سلی وان اور ہیلن کیلر۔ استاد اور شاگرد کی یہ جوڑی ساری دنیا میں مشہور ہے۔ (۲ نمبرات)

ج) تعلیم حاصل کرنے کے بعد ہیلن کیلر نے اپنی زندگی لوگوں کی خدمت کے لیے وقف کردی۔ (۲رنمبرات)
اندھوں اور بہروں کی خدمت کو انھوں نے اپنا نصب العین بنا لیا تھا۔فلاحی کاموں کے لیے
نے دنیا کے پچیس ممالک کا دورہ کیا۔ وہاں کے اندھوں بہروں کو راحت پہنچائی۔

**س ۳ : دی گئی نظم کو دل ہی دل میں پڑھو اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھو۔**

**صحیح جوابات اور نمبرات :**

**الف)** (ج) خوشی کا قصور (ارنمبر)

**ب)** رکھتا ہے خاندان کی عزّت کا وہ خیال نیکوں کا دوست، صحبتِ بد سے نفوؔر ہے (۲رنمبرات)

**ج)** وہ نیکیوں کی طرف مائل ہو اور برائی سے دور رہے۔اس کا برتاؤ صدق و محبت سے بھرا ہو۔ (۲رنمبرات)
نیک لوگوں کی صحبت میں رہتا ہو۔اس کو علم و ہنر کا شوق ہو۔

**س ۴: اقتباس کو دل ہی دل میں پڑھو اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھو۔**

**الف)** چار پائی پر (ارنمبر)

**ب)** ۱) کھیل (ارنمبر)

۲) چڑیوں (ارنمبر)

**ج)** زینب نے امّی سے التجا کی کہ چڑیوں کو تھوڑا سا دانہ کھانے دیجیے۔ (۲رنمبرات)

**س ۵: درج ذیل سوالات ہدایات کے مطابق حل کرو۔**

**الف)** ترقی کرنا ہے تو کاہلی سے بچو۔ (۲رنمبرات)

**ب)** اسم کیفیت : (۱) کمزوری (۲رنمبرات)
(۲) خوشی

**ج)** ضمیر اضافی : (۱) اپنے (۲رنمبرات)
(۲) اپنے

**د)** (۱) غم (ارنمبر)

(۲) صفت کی قسم : صفتِ عددی (ارنمبر)

**ہ)** مرکب لفظ : مردم شماری (ارنمبر)

**و)** (صحیح بامحاورہ اور بامعنی جملہ لکھنے پر ایک نمبر دیا جائے۔) (ارنمبر)

س ۶ : درج ذیل میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے۔ (۵ نمبرات)

(۱) صفائی ضروری ہے صحت کے لیے (۲) میری زندگی کا مقصد (۳) علم کے فائدے

**زمرہ:** اظہارِ خودی (تحریری)

**مقصد:** طلبہ کے اظہارِ خودی کی جانچ کرنا۔

**نمبرات دینے کا طریقہ :**

| نمبرات | متوقع نتائج |
|---|---|
| ۵ | • دیے گئے عنوان پر مجموعی طور پر غور کیا ہے۔کم از کم ۵۰ /الفاظ پر مشتمل مضمون لکھا ہوا ہو۔<br>• نکات سے متعلق مثالیں دے کر، وضاحت کے ساتھ تحریر میں توسیع کی گئی۔<br>• تحریر تسلسل میں ہے اور اس میں نکھار نظر آ رہا ہے۔<br>• تحریر سے متعلق بچے کے جذبات واضح ہیں۔ |
| ۴ | • اظہار کیے گئے نکات عنوان کے لحاظ سے مکمل تصور کے ساتھ دیے۔<br>• نکات سے متعلق مثالیں، وضاحت کے ساتھ پیش کر سکتے ،لیکن کم/ محدود تصورات رہ سکتے ہیں۔<br>• لکھنے والے کی تحریر میں تسلسل ہے لیکن ایک دو جگہ تحریر نکات سے ہٹ کر ہے۔<br>• جملوں کی بندش صحیح اور جملوں کا میزان بڑھا ہوا نظر آ تا ہے۔ |
| ۳ | دیے ہوئے عنوان پر مجموعی طور پر غور کر کے اپنے خیالات کا اظہار کیا ہے۔<br>• پڑھنے والے کو عنوان کا صحیح تصور قائم ہونے کے لیے بہت سارے نکات کی وضاحت کی گئی۔<br>• اظہار کیے گئے تصورات کو ایک دوسرے سے حوالہ کے ساتھ ترتیب دیا گیا۔<br>• تصورات، تفصیلات کی توسیع نہیں کی گئی یا بہت ہی مختصر طور پر توسیع کی گئی۔ |
| ۲ | منتخب کیے گئے عنوان پر مجموعی طور پر غور کر کے لکھا گیا۔لیکن<br>• جملوں کی ترتیب صحیح نہیں ہے۔<br>• محدود تصورات کو پیش کیا ہے۔<br>• تحریر میں اظہار کیے گئے تصورات کا ایک دوسرے سے ربط نظر نہیں آ تا۔ |
| ۱ | دیے گئے عنوان کے کسی ایک عنوان کا خیال کر کے الگ الگ جملوں میں لکھا۔ |
| ۰ | کچھ بھی نہ لکھا یا دیے گئے عنوان کا خیال نہ کرتے ہوئے لکھے ہوئے بے ترتیب جملے۔ |

**س ۷: ذیل میں چند الفاظ دیے ہوئے ہیں۔ ان الفاظ کا استعمال کر کے ایک کہانی لکھو۔** **(۵/نمبرات)**

**شیر ، چوہا ، شکاری ، جال**

**زمرہ:** اظہارِ خودی (تحریری)

**مقصد:** طلبہ کے اظہارِ خودی کی جانچ کرنا۔

**نمبرات دینے کا طریقہ:**

| نمبرات | متوقع نتائج |
|---|---|
| ۵ | دیے گئے الفاظ کو مدنظر رکھ کر تسلسل کے ساتھ مطلب کی وضاحت کرنے والا مواد لکھنے پر اور کہانی میں آغاز اور اختتام کیا گیا ہو۔ کہانی کو واضح کرنے کے لیے اس میں باریکیاں اور تفصیلات دی گئی ہوں۔ مختلف کرداروں کو مکالمے دیے گئے ہوں۔ کم از کم ۵۰/الفاظ پر مشتمل کہانی لکھی ہوئی ہو۔ |
| ۴ | دیے ہوئے الفاظ کو مدنظر رکھ کر تسلسل کے ساتھ مطلب کی وضاحت کرنے والا مواد لکھنے پر کہانی کا آغاز اور اختتام کیا گیا ہے۔ |
| ۳ | دیے ہوئے الفاظ کے حوالوں کو مدنظر رکھ کر کہانی مکمل کرنے کی کوشش کی گئی ہے۔ |
| ۲ | دیے ہوئے الفاظ پر منحصر حوالے دیتے ہوئے تسلسل کے ساتھ لکھا ہو۔ کبھی جملے کی بندش موزوں نہیں۔ بے ترتیب لکھا ہو۔ |
| ۱ | الفاظ کے بے ربط جملے لکھے ہوں۔ جملوں میں ترتیب نہ ہو۔ |
| ۰ | کچھ بھی نہ لکھا ہو یا صرف الفاظ لکھے ہوں۔ |

❖❖❖

# جماعت : ششم

## زبانی سوالات سے متعلق اساتذہ کے لیے ہدایات

**زبانی سوال ۸)** **ذیل کے اقتباس کی بلند خوانی کروانا۔** **(۵ نمبرات)**

**زمرہ:** بلند خوانی

**مقصد:** بلند خوانی کے ذریعے تفہیم کی جانچ کرنا۔

**سوالات پوچھنے والے کے لیے ہدایات :**

- یہ سوال طلبہ کی بلند خوانی کی مہارت کی جانچ کے ساتھ ساتھ طلبہ کی تفہیم کی جانچ کے لیے بھی ہے۔
- یہ سوال زبانی نوعیت کا ہونے کی وجہ سے ایک ایک طالب علم کو قریب بلا کر پوچھا جائے۔
- جماعت میں طلبہ کی تعداد زیادہ ہونے کی صورت میں جانچ کا مرحلہ دو تین دنوں میں مکمل کیا جائے۔

**سوالات پوچھنے والا طلبہ کو یہ ہدایت دیں: میں تمھیں ایک اقتباس پڑھنے کے لیے دوں گا۔ اسے بلند آواز سے پڑھو۔ اس کے بعد میں تم سے چند سوالات پوچھوں گا تم اُن کے جوابات دو۔**

**اقتباس:**

رسالہ اس کتاب کو کہتے ہیں جو ایک ہی نام سے ہر ماہ شائع ہوتی ہے۔ کچھ رسالے سہ ماہی اور ششماہی بھی شائع ہوتے ہیں۔ ہر ماہ کئی رسالے شائع کیے جاتے ہیں۔ ہر رسالے میں حمد، نعت، نظمیں، کہانیاں، قصے، معلوماتی مضامین، کارٹون کہانیاں، لطیفے، معمے اور دیگر دلچسپ مضامین شامل کیے جاتے ہیں۔ ہر ماہ ایک سے بڑھ کر ایک اور نئی نئی باتیں پڑھنے کو ملتی ہیں۔ دہلی سے 'بچوں کی دنیا'، 'پیامِ تعلیم'، ممبئی سے 'گل بوٹے'، مالیگاؤں سے 'گلشنِ اطفال' وغیرہ رسالے ہر ماہ پابندی سے شائع ہوتے ہیں۔

ان رسالوں کا پابندی سے مطالعہ کرنے والے طلبہ کی معلومات میں زبردست اضافہ ہوتا ہے۔ ان کی شخصیت میں نکھار آتا ہے۔ مطالعے کی یہ عادت طالب علم کے لیے کارآمد ثابت ہوتی ہے۔ تعلیمی سفر میں بچوں کے رسالے ان کے بہترین دوست ہوتے ہیں۔

**بلندخوانی کے لیے نمبرات دینے کا طریقہ :**

| نمبرات | متوقع نتائج |
|---|---|
| ۵ | اقتباس کی علاماتِ اوقاف کے ساتھ بلند خوانی کرنا۔ بلند خوانی کرتے وقت روانی کا لحاظ نہ کیا جائے۔ جملوں کو دہرانے پر بھی کوئی مضائقہ نہیں۔ |
| ۴ | کچھ جملوں کے علاماتِ اوقاف کے ساتھ بلند خوانی کرنا۔ |
| ۳ | اقتباس کو ہجے کر کے پڑھنے کے بعد جملوں کا مطلب سمجھ گیا۔ پہلے دل ہی دل میں پڑھ کر بعد میں اس کی بلند خوانی کی تو بھی ٹھیک ہے۔ |
| ۲ | مدد کے بغیر الفاظ پڑھے لیکن پڑھے ہوئے جملوں کا مطلب سمجھ نہ سکا۔ |
| ۱ | مدد کرنے پر چند الفاظ پڑھے لیکن پڑھے ہوئے جملوں کا مطلب سمجھ نہ سکا۔ |
| ۰ | طالب علم نے اقتباس پڑھنے میں دلچسپی ظاہر نہیں کی۔ مدد کرنے کے باوجود جملے نہ پڑھ سکا۔ |

**سوال نمبر۹) اب طلبہ کے پڑھے ہوئے اقتباس پر منحصر ذیل کے سوالات پوچھیں:**
**جواب ڈھونڈنے کے لیے طلبہ کو دوبارہ اقتباس پڑھنے کا موقع دیا جائے۔**

**صحیح جواب** — **نمبرات**

**الف)** ہر ماہ ایک ہی نام سے شائع ہونے والی کتاب کو کیا کہتے ہیں؟ — (الف) — (۱)

(الف) رسالہ

(ب) کتابچہ

(ج) کتاب نامہ

**ب)** بچوں کے رسالے میں کون کون سی معلومات شامل ہوتی ہے؟ — (۲)

جواب : بچوں کے رسالوں میں حمد، نعت، نظمیں، کہانیاں، قصے، معلوماتی مضامین، کارٹون، لطیفے، معمے اور دیگر دلچسپ مضامین شامل ہوتے ہیں۔

**ج)** مطالعے کی عادت سے طلبہ کو کیا فائدے حاصل ہوتے ہیں؟ — (۲)

جواب : مطالعے کی عادت سے طلبہ کی معلومات میں زبردست اضافہ ہوتا ہے۔ ان کی شخصیت میں نکھار آتا ہے اور یہ عادت طالب علم کے لیے کارآمد ثابت ہوتی ہے۔

(معیاری زبان میں جواب دینا متوقع نہیں ہے۔)

❖❖❖